RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: July 31, 2025
PDF Created On: Mon, May 25 2026 12:43:56 am

پی ایم جی کی جانب سے رفیع صاحب کو خراج عقیدت

Entertainment - فنِ جہان,Snippets,

rki.news

پنجاب میوزک گروپ (پی ایم جی) انٹرنیشنل کے روں رواں اور چیف آرگنائزر جناب نزاکت علی خان نے اپنی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے رفیع نائٹ کا عظیم الشان اہتمام

کیا۔ اس ایونٹ کی تفصیلات سے قبل ہم محمد رفیع صاحب کی شخصیت اور کیرئیر پہ مختصراً باب باندھیں گے۔

محمد رفیع نے سن 1924 میں ایک متوسط برصغیر مسلم گھرانے میں آنکھ کھولی اور لڑکپن کا کچھ عرصہ اندورن لاہور شہر میں گزارا۔ اس مختصر دورانیے میں رفیع صاحب المشہور نور محلے بھاٹی گیٹ میں اپنی مدھر آواز سے عزیز و اقارب اور اہل علاقہ میں کافی معروف ہوتے گئے۔ جناب نزاکت علی خان کے والد محترم حاجی صادق علی (مرحوم) بھی اس دور سے رفیع صاحب کے دوست اور مداح تھے۔

پی ایم جی کے قیام کے بعد سے نزاکت صاحب اپنے والد محترم کے برادرم دوست اور ہندوستان کے عظیم پلے بیک سنگر رفیع صاحب کو نذرانے عقیدت پیش کرنے کے لئے سالانہ اس نائٹ کا اہتمامِ خاص کرتے ہیں۔ اسی پس منظر کے پیش نظر اس سال یہ خصوصی محفل نزاکت صاحب کے رہائش گاہ پر منعقد کی گئی۔

یاد رہے جولائی 2025 میں رفیع صاحب کو ہم سے بچھڑے 45 برس بیت گئے لیکن انکی آواز کی خوشبو اور سنگیت کا رنگ آج بھی مانند نہیں پڑا اور انکے متوالے کبھی ایسا ہونے بھی نہیں دیں گے۔

رفیع نائٹ کے مہمانِ خصوصی میں کالکو (QALCO) کمپنی کے مینیجر جناب شہباز علی صاحب نے دوحہ قطر سے خصوصی شرکت فرمائے رفیع صاحب کے ٹریبیوٹ میں خصوصاً گائیک استاد شوکت علی صاحب کے شاگرد خاص سنگر جناب شبیر شوکت صاحب، جناب عامر رفیع صاحب، جناب عمران بوبی صاحب، استاد الطاف حسین طافو کے برخوردار استاد سجاد طافو صاحب اور ورلڈ فیمس سنتو خاں قوال فیملی کے شاگرد جناب واصف علی سنتو قوال شامل تھے۔ دیگر رفیع لورز اور پروگرام منتظمین میں جناب حیدر علی خالد سنگر،جناب وسیم احمد، جناب احسن رضا بٹ، جناب نثار احمد قادری، جناب شفاقت علی اور جناب اعجاز علی چاند شامل تھے۔

کیک کٹنگ کے بعد تقریب کا باقاعدہ آغاز لاہور آرٹس کونسل کی رکن میڈم نوین روما نے رفیع صاحب کی تعریف میں رومانوی کلمات سے کیا۔ تمام پرفارمرز نے رفیع صاحب کی زندگی و گائیکی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا اور حاضری کے لئے مختلف فلمی گیتوں کو لائیو میوزک اور karaoke ٹریکس پر بھی خوب گنگنایا۔

حاضرین محفل اور خصوصاً نجی فیملیز نے فنکشن کو خوب انجوائے کیا۔ انٹرٹینمنٹ کو ریفریشمنٹ میں بدلنے کے لئے خصوصاً چکن سجی بریانی، مٹن کڑاہی اور لاہوری چائے کا تڑکا لگایا گیا تھا۔

پروگرام رات گئے تک جاری رہا جس میں حاضرین کو بھی شوقیہ سنگنگ کا بھرپور موقع فراہم کیا گیا۔ پروگرام کی اختتامی تقریب میں جناب شیخ امجد اور جناب شان جہانگیر صاحب نے نزاکت علی خان کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور آئندہ بھی ایسی

محافل سجان□ کا وعد□ لیا□

اسی عزم اور حوصل□ ک□ ساتھ رفیع صاحب زند□ باد

Post Date: July 31, 2025 PDF Created On: Mon, May 25 2026 12:43:56 am

---

[Read This Post On RKI Website]